بخدمت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر سائبر کرائم اسلام آباد زون

جناب عالی!

گزارش ہیکہ میں مسمی ارسلان رزاق ولد عبدالرزاق ساکن ہاوس نمبر13 مین کالج روڈ سیکٹرF-7/3 کا رہائشی ہو اور پیشہ کے لحاظ سے پراپرٹی کے لین دین کا کام کرتا ہوں۔ اسلام آباد کے کاروباری حلقہ میں ایک نمایاں حیثیت ہے۔ مورخہ 04/04/2024 بوقت 2 بجے سلطان محمد خان کے موبائل نمبر 03009889881 سے کال آئی اور مجھے کہا کہ تم اپنی حرکتوں سے باز آجاو۔ اگر تم باز نہ آئے تو میں تمہاری ٹانگیں توڑ دونگا اور تمہیں جان سے مار دونگا۔ اس نے انتہائی غلیظ گالیاں دینی شروع کر دی۔ میں اس سے پوچھتا رہا کہ کیا معاملہ ہے لیکن اس نے کہا میں تمہیں دیکھ لونگا۔ اور وہ مجھے وائس میسجز اور وٹس ایپ مسیجز پر بھی دھمکاتا رہا اس کے بعد سلطان محمد خان کے دوست صالح نے بھی مجھے Whatsapp پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے شروع کر دی جس کی وجہ سے میں انتہائی خوف و ہراس اور پریشانی کا شکار ہو گیاہوں Whatsap کے سکرین شاٹ ہمراہ درخواست لف ہیں۔ آپ جناب سے بذریعہ درخواست استدعاہیکہ ان کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی کی جائے اور مجھے تحفظ فراہم کیا جائے۔

العارض

ارسلان رزاق ولد عبدالرزاق

شناختی کارڈ نمبر:61101-6638730-5

موبائل نمبر:03215111161